03.11.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... محمدعمار

Music

----

*   وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت تکنیک کی کھپت والے ملک کے بجائے تکنیکی کایا پلٹ میں سرکردہ رول ادا کرنے والے ملک کے طور پر ابھرا ہے۔ وزیراعظم نے ملک میں تحقیق اور اختراع کو مستحکم بنانے کی خاطر ایک لاکھ کروڑ روپے کے فنڈ کا آغاز کیا۔

*   صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اتراکھنڈ اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تعلیم، صحت اور انسانی فروغ کے شعبے میں ریاست کی پیش رفت کی ستائش کی۔

*   تلنگانہ کے رنگا ریڈی ضلعے میں ایک ٹرک اور بس کے ٹکرانے سے 19 افراد کی موت ہوگئی۔ صدرِ جمہوریہ، نائب صدر اور وزیراعظم نے لوگوں کی موت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

*   بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے اور یہ کَل شام ختم ہوجائے گی۔

*   امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاکستان سرگرمی کے ساتھ ایٹمی ہتھیاروں کا تجربہ کر رہا ہے۔

*   اور بھارت کی خواتین کرکٹ ٹیم کیلئے پہلا ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد کے پیغامات آنے کا سلسلہ جاری ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

PM ESTIC

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت صرف تکنیک کی کھپت والے ملک کے بجائے تکنیکی کایا پلٹ میں قائدانہ رول ادا کرنے والا ملک بن گیا ہے۔ وزیراعظم نے آج صبح نئی دلی میں بھارت منڈپم میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے ابھرتے ہوئے اختراع سے متعلق **Conclave** کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

جناب مودی نے کہا کہ سرکار ملک میں اختراع کا جدید طرز کا ایکو نظام قائم کرنے کی خاطر تحقیق میں سہولت پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔

وزیراعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک میں دنیا کا سب سے کامیاب ڈجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچہ قائم کیا گیا ہے۔

S/B- 1105 PM on Vision

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ ملک کو اختراع کا ایک مرکز بنانے کیلئے حالیہ برسوں میں کیے گئے فیصلوں اور پالیسیوں کے نتیجے اب سامنے آ رہے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ گذشتہ دہائی میں تحقیق اور ترقی کے شعبے میں ملک کے اخراجات دوگنا ہوگئے ہیں اور رجسٹرڈ **Patents** کی تعداد میں بھی 17 گنا اضافہ ہوا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک دنیا کا تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اپ ایکو نظام بن گیا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے سیمی کنڈکٹر شعبے نے ایک بڑی جست لگائی ہے۔ جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک کی بایو معیشت 2014 میں دس ارب ڈالر سے بڑھ کر اب تقریباً 140 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔

SB/- PM - Bio Economy

وزیراعظم نے ایک لاکھ کروڑ روپے مالیت کی تحقیق و ترقی اور اختراع اسکیم فنڈ کا بھی آغاز کیا تاکہ ملک میں تحقیق اور ترقی کے ایکو نظام کو بڑی تقویت پہنچائی جا سکے۔ مذکورہ اسکیم کا مقصد ملک میں پرائیویٹ سیکٹر کے سرکردہ رول والے تحقیق اور ترقی کے ایکو نظام کو بڑھاوا دینا ہے۔**x**

Prez.Uttarakhand

صدر جمہوریہ دوپدی مرمو نے آج اتراکھنڈ ریاستی اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کیا اور کہا کہ جامع ترقیاتی کوششوں کے نتیجے میں ریاست میں انسانی فروغ کے مختلف اشاریوں کے کئی پیمانوں میں بہتری آئی ہے۔ خواندگی کی بڑھتی ہوئی شرح پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ریاست میں خواتین کی تعلیم کا دائرہ بڑھ گیا ہے۔

محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ زچہ بچہ کی اموات کی شرح میں کمی آئی ہے اور سرکار حفظانِ صحت کی خدمات کو اور زیادہ لوگوں تک پہنچانے کیلئے بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ اتراکھنڈ کی پوِتر دھرتی سے روحانیت اور دلیری کی روایات کا سلسلہ جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ پوِتر دھرتی کئی سادھو سنتوں کا مسکن رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ کماؤں اور گڑھوال **Regiments** سے ریاست کی دلیری اور بہادری کی شاندار روایت کی عکاسی ہوتی ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ بھارتی فوج میں خدمات انجام دینے اور مادرِ وطن کی نگہبانی کرنے کیلئے ریاست کے نوجوانوں میں کافی جوش و خروش دیکھا جاتا ہے۔

محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اتراکھنڈ سے کئی عوامی نمائندوں نے ملک کی جمہوری روایت کو مستحکم بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

S/B President - Uttrakhand

Telangana Accident

تلنگانہ کے رنگا ریڈی ضلعے میں **Chevella** کے نزدیک آج صبح ایک سڑک حادثے میں **19** افراد کی موت ہوگئی۔ یہ حادثہ آج صبح آٹھ بجے کے آس پاس وقارآباد-حیدرآباد پٹی پر اُس وقت پیش آیا جب ایک ٹرک **RTC** بس سے جا ٹکرایا۔ وقارآباد کے اعلیٰ پولیس افسر کے مطابق **20** زخمی افراد کو اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔ ریاستی سرکار نے حادثہ کے بارے میں لوگوں کو جانکاری فراہم کرنے کیلئے حیدرآباد میں ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔

اِس کے نمبر اس طرح ہیں: نو نو ایک دو - نو ایک نو پانچ- چار پانچ

دوسرا نمبر ہے: نو چار چار صفر - آٹھ پانچ چار چار - تین تین

اِدھر ریاست کے وزیراعلیٰ **Revanth Reddy** نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ طبی امداد بلا تاخیر فراہم کریں۔ خصوصی طبی ٹیمیں وہاں بھیجی گئی ہیں۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کے رنگا ریڈی ضلعے میں المناک سڑک حادثے میں لوگوں کی موت ہونے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔

وزیراعظم مودی نے اِس حادثے پر رنج و غم ظاہر کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ جناب مودی نے وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مرنے والوں کے لواحقین کے لیے دو-دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے جبکہ زخمیوں کو پچاس-پچاس ہزار روپے دیے جائیں گے-**x**

Break

Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ **NDA** اور مہاگٹھ بندھن دونوں اتحاد کی سرکردہ شخصیات اور سینئر رہنما چناؤ والے حلقوں میں کئی کئی جلسے اور ریلیاں کررہے ہیں۔ پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم کل شام ختم ہوجائے گی۔ اس مرحلے کے تحت **18** ضلعوں کے **121** حلقوں کیلئے **6** نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس دوران دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے بھی چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ اس مرحلے کے تحت **122** حلقوں کیلئے **11** نومبرکو پولنگ ہوگی۔

دربھنگہ میں آج ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے **BJP** کے رہنما اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے کشمیر کو دہشت گردی اور انتہا پسندی سے آزاد کرانے کا کام کیا ہے۔

S/B- Yogi Adityanath

پٹنہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کے صدر اور مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے کہا کہ پچھلے 11 سال کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں 25 کروڑ سے زیادہ لوگ غربت سے باہر آئے ہیں۔

S/B Chirag Paswan

اس دوران پٹنہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مہا گٹھ بندھن کے وزیراعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو نے دعویٰ کیا کہ BJP کا JDU کے سربراہ نتیش کمار کو دوبارہ وزیراعلیٰ بنانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔x

Trump Pakistan

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاکستان اُن ملکوں میں شامل ہے جو سرگرمی کے ساتھ ایٹمی ہتھیاروں کے تجربے کرتے رہے ہیں۔ ایک ٹی وی چینل کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے دعوی کیا کہ روس، چین، شمالی کوریا اور پاکستان ایٹمی تجربے کر رہے ہیں۔ انھوں نے دیگر ملکوں کی جانب سے حالیہ تجربوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ امریکہ خود اپنے ایٹمی تجربے پھر شروع کرے گا۔ صدر ٹرمپ نے دعوی کیا کہ کسی بھی دیگر ملک کے مقابلے امریکہ کے پاس کہیں زیادہ ایٹمی ہتھیار ہیں۔x

Supreme Court DOG

سپریم کورٹ آوارہ کتوں کے کیس اِس مہینے کی 7 تاریخ کو آرڈر جاری کرے گی۔ جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس سندیپ مہتا اور جسٹس این وی انجاریا پر مشتمل ایک خصوصی بینچ نے اِس کیس کی سماعت کی، جس میں بیشتر ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے چیف سکریٹری موجود رہے۔

اِس سے قبل عدالت عالیہ نے مغربی بنگال اور تلنگانہ کو چھوڑ کر سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے چیف سیکریٹریوں کو یہ ہدایت دی تھی کہ وہ عدالت کے سامنے پیش ہوں۔ عدالت عالیہ نے ہدایت جاری کرکے یہ وضاحت طلب کی تھی کہ عدالت کے 22 اگست کے حکم نامے کے باوجود حکم کی تعمیل سے متعلق حلف نامے کیوں داخل نہیں کیے گئے۔

اِدھر سالسٹر جنرل تُشار مہتا نے آج عدالت کی بینچ کو مطلع کیا کہ زیادہ تر ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں نے اِس معاملے میں تعمیل سے متعلق اپنے حلف نامے داخل کردیے ہیں۔x

Rev. FM Bahrain Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں بحرین کے وزیر خارجہ عبدالطیف بن راشد الزیانی کا خیر مقدم کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ پانچویں بھارت-بحرین اعلیٰ سطحی مشترکہ کمیشن کی میٹنگ میں مفید اور نتیجہ خیز بات چیت کے منتظر ہیں۔ جناب الزیانی بھارت کے تین روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچے۔

DLC Launch

ٹیلی مواصلات کے محکمے کی چوتھی قومی ڈیجیٹل لائف سرٹیفکٹ مہم کا آغاز آج نئی دلّی میں ہوا۔ اس مہم کا مقصد ملک بھر کے تمام ضلعوں اور دو ہزار سے زیادہ سب ڈویژنل ہیڈکوارٹرس کا احاطہ کرنا ہے۔ یہ مہم ملک بھر کے 171 شہروں کا بھی احاطہ کرے گی اور اِن شہروں میں رہنے والے پنشن یافتگان کو جامع تعاون فراہم کرے گی۔ یہ مہم اس مہینے کے آخر میں اختتام پذیر ہوگی۔ ڈیجیٹل لائف سرٹیفکٹ مہم، ڈیجیٹل انڈیا کے عین مطابق پنشن یافتگان کو ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانے کیلئے ایک اہم اقدام ہے۔ اس مہم کا مقصد آدھار پر مبنی چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی کے استعمال پر خصوصی زور دینا ہے۔ اس کے ذریعہ پنشن یافتگان بائیومیٹرک آلات کی ضرورت کے بغیر آسانی کے ساتھ اپنا لائف سرٹیفکٹ جمع کراسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ اس کا مقصد اُن 22 ہزار سے زیادہ پنشن یافتگان تک پہنچنا ہے، جن کے ڈیجیٹل لائف سرٹیفکٹ کی معیاد اس مہینے ختم ہونے والی ہے۔×

Women's World Cup Messages

بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کے اب تک کا پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کا عالمی کپ جیتنے پر مبارکبادی کے پیغامات لگاتار موصول ہورہے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے خواتین کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ شاندار جیت خواتین ٹیم کو نئی بلندیوں تک لے جائے گی۔ کھلاڑیوں کے عزم اور حوصلہ افزا کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے محترمہ مرمو نے کہا کہ خواتین ٹیم نے بھارت کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ ٹیم کے غیر معمولی جذبے، بہترین صلاحیت اور ثابت قدمی نے لاکھوں لوگوں کو تحریک دی ہے اور ملک کو زبردست شہرت اور کامیابی حاصل ہوئی۔

اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے اسے شاندار جیت قرار دیا ہے اور کہا کہ اس سے اُنہیں مستقبل میں بھی چمپئن بننے کیلئے تحریک ملے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ فائنل میں ٹیم کی کارکردگی غیر معمولی صلاحیت اور اعتماد سے بھرپور تھی۔

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، وزیر داخلہ امت شاہ سمیت کئی مرکزی وزراء نے بھی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

سچن تیندولکر، وراٹ کوہلی، مائیکروسافٹ کے CEO Satya Nadela کے سمیت کئی معزز ہستیوں نے اِس شاندار جیت پر ٹیم کو مبارکباد دی۔×

* * *